SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

SINDH ACT NO.VI OF 2014
The Registration(Sindh Amendment) Act, 2013
سندھ ایکٹ نمبر VI، مجریہ 2014
دفتری داخلہ (The Registration) کا (سندھ ترمیم) ایکٹ، 2013

فہرست (Contents)

تمہید (Preamble)
1. مختصر عنوان اور نافذ ہونا۔
(Short Title and Commencement)
2. ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 6 کی تبدیلی.
Amendment of Section 6 of Act No XVI of 1908.
3. ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ 16 کی تبدیلی۔
Amendment of section 16 of Act No. XVI of 1908
4. ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ 19 کی تبدیلی.
Amendment of section19 of Act No. XVI of 1908.
5. ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 20 کی تبدیلی.
Amendment of section20 of Act No XVI of 1908.
6. ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 21 کی تبدیلی.
Amendment of section 21 of Act No XVI of 1908.
7. ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 28 کی تبدیلی.
Amendment of section 28 of Act No XVI of 1908.
8. ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 30 کی تبدیلی.
Amendment of section30 of Act No XVI of 1908.

SINDH ACT NO.VI OF 2014

The Registration (Sindh Amendment) Act, 2013

سندھ ایکٹ نمبر VI، مجریہ 2014

دفتری داخلہ (The Registration) کا (سندھ ترمیم) ایکٹ، 2013

	[20 مارچ 2014] رجسٹریشن ایکٹ 1908 (Registration Act) میں تبدیلی لانے والا ایکٹ تاکہ اسے سندھ صوبے میں نافذ کیا جاسکے۔
تمہید (Preamble)	جیسا کہ اس بات کو مناسب جانا گیا ہےکہ رجسٹریشن ایکٹ (Registration Act) میں تبدیلیاں لاکر، اسے سندھ صوبے میں نافذ کرنے جیسا بنایا جائے۔ اس لیئے اس ایکٹ کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیاجاتا ہے:-
مختصر عنوان اور شروعات۔ Short Title and Commencement.	1. (1). اس ایکٹ کو دفتری داخلہ (سندھ ترمیم) ایکٹ،2013 The Registration (Sindh Amendment) Act, 2013کہا جائےگا۔ (2)یہ ایکٹ فی الفور نافذ ہوگا۔
ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 6 کی تبدیلی. Amendment of Section 6 of Act No .XVI of 1908	2.رجسٹریشن ایکٹ، 1908 کو سندھ صوبے میں نافذ کرنے کے لیئے، اس کی دفعہ 6 کو اس طرح تبدیل کیا جاتا ہے :- **"6". رجسٹرار اور سب رجسٹرار:-** صوبائی حکومت ایسے عوامی عملدار رجسٹرار اور سب رجسٹرار کو فائز کرے گی، جو ان عہدوں پر فائز ہونے کی اہلیت رکھتے ہوں اور انہوں نے مطلوبہ تربیت حاصل کر رکھی ہو یا ایسے امتحان پاس کیئے ہوں جو روینیو کھاتے سے تعلق رکھنے والے عہدوں کیڈر (Cadre) سمیت ڈسٹرکٹ رجسٹرار [BS-18] گریڈ میں فائز رہا ہوگا۔"
ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 16کی تبدیلی۔ Amendment of section 16 of Act	3 تبدیل ہونے والے ایکٹ کی دفعہ نمبر 16 کی ذیلی دفعہ (3) کے بعد یہ اضافہ کیا جائےگا:- "(4) ان کتابوں کے علاوہ جو ذیلی دفعہ (1) کے مطابق فراہم کئے گئے ہیں، کوئی بھی دوسرا کتاب رجسٹرار یا سب رجسٹرار استعمال نہیں کریں گے۔"

.No. XVI of 1908

ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر19کی تبدیلی۔
Amendment of section19 of Act .No XVI of 1908

4 تبدیل ہونے والے اس ایکٹ میں دفعہ 19 کے بعد نئی ذیلی دفعہ 19-A شامل کی جائےگی:

"19-A. اگر ایکٹ کے نفس مضمون سے متضاد نہ ہو تو وہ دستاویزات، کوئی بھی معاہدہ یا دستاویزجو غیر منقولہ جائیداد یا کاروبار پراثرانداز ہوگا، اور ملکی قانون کی خلاف ورزی کریگا اس کی رجسٹریشن نہیں کی جائیگی۔"

ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر20 کی تبدیلی۔
Amendment of section 20 of Act No XVI of 1908.

5. تبدیل ہونے والے اس ایکٹ کی دفعہ 20 کی ذیلی دفعہ (1)، کے لفظوں کو " اپنے صوابدیدی اختیار کے موجب انکار کرے،" نکالا جائیگا اور "داخلہ رکھنے والے دفتر" (The register office)، لفظ کے بعد "کرنے" (shall) لفظ کا اضافہ کیا جائیگا۔

ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 21 کی تبدیلی۔
Amendment of section 21 of Act .No XVI of 1908

6. تبدیل ہونے والے اس ایکٹ کی دفعہ 21 کی ذیلی دفعہ (4) کے بعد یہ اضافہ کیاجائیگا۔

"(5) متعلقہ حدود والی جائیداد کا کوئی بھی ایسا بے وصعیت دستاویز، جن کے حقوق کا رکارڈ روینیو کھاتے کے پاس ہو اور اسکے کمپیوٹرائیزڈ رکارڈ والی کاپی کی سروسز سینٹر کے لیئے خاص طور پر مقرر کیئے فرسٹ گریڈ والے اسسٹنٹ کلکٹر کی تصدیق کے سوا بھی رجسٹر کیا جاسکتا ہے۔"

اگر وہ ایراضی جس کے حقوق کا رکارڈ کمپیوٹرائیزڈ نہ ہوا ہو تو اسی حدودکے فرسٹ گریڈ اسسٹنٹ کمشنر حقوق کے رکارڈ کی کاپی کی تصدیق کریگا۔

ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 28 کی تبدیلی۔
Amendment of section 28 of Act .No XVI of 1908

7. اسی ایکٹ کی دفعہ 28 میں ،

(i)ذیلی دفعہ (1)کے الفاظ "تمام یا اس کا کچھ حصہ" نکالے جائینگے۔

(ii) ذیلی دفعہ (2) مکمل طور پر خارج کیا جائیگا۔

ایکٹ نمبر XVI مجریہ 1908 کی دفعہ نمبر 30 کی تبدیلی۔
Amendment of section 30 of Act No XVI of 1908

8. اس ایکٹ کی دفعہ 30 کی ذیلی دفعہ (2) خارج کیا جائیگا۔

نوٹ:- ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔